قرار دیا ہے درآنحالیکہ انگریزی میں DETERMINISM جبریت کے معنوں میں مستعمل ہے اس کے علاوہ ذخیرۂ الفاظ میں بھی قدرے اضافہ کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ اگر ان دو گذارشات پر غور کر لیا جائے تو یہ لغت جو اپنی موجودہ صورت میں بڑا ہی قابلِ قدر ہے، ایک معیاری اور مستند لغت بن سکتا ہے۔

ہم فاضل مرتب اور ناشر کی اس علمی کاوش کو ہر اعتبار سے قابلِ ستائش سمجھتے ہیں۔

بہشتی زیور (حصہ اوّل و دوم)	ناشر: مکتبۂ زریں، جہازی بلڈنگ، موڑ سمن آباد، رستم پارک، لاہور

صفحات: ۱۵۸ (فی حصہ)

قیمت: ساڑھے پانچ روپے (فی حصہ)

زیرِ نظر کتاب اُردو زبان میں اسلامی عقائد اور فقہی احکام و مسائل پر مشتمل ہے جسے پاک و ہند کے مشہور فقیہ اور جیّد عالمِ دین مولانا اشرف علی تھانویؒ نے مسلمان خواتین کی ضروریات کو مدِّنظر رکھتے ہوئے مرتب کیا تھا۔

اس سے قبل یہ کتاب لاکھوں کی تعداد میں چھپ کر قبولِ عام حاصل کر چکی ہے۔ اب مکتبۂ زریں نے عام کتابی سائز میں خوبصورت پیپر بیک کے ساتھ اس کے دو حصے شائع کیے ہیں اور تیسرے حصے کی اشاعت کے بعد کتاب مکمل ہو جائے گی۔

مسلم خواتین کو اُن کی روزمرّہ زندگی کے مسائل و معاملات میں اسلامی خطوط پر چلانے اور اسلامی معاشرتی آداب سے آشنا کرنے کے سلسلے میں یہ کتاب نہایت ہی مفید ہے